Optegra
EYE HEALTH CARE

# NHS سفید موتیے کے مریض کا سفر



optegra.com/NHS

NHS

# مشمولات


| | |
|---|---|
| Optegra کا انتخاب کیوں کریں؟ | 3 |
| سفید موتیا سے کیا مراد ہے؟ | 4 |
| مریض کا سفر ایک نظر میں | 5 |
| پیشگی تخمینہ | 6 |
| ابتدائی اپوائنٹمینٹ | 7 |
| سرجری کے روز | 8 |
| آپ کی سرجری کے فورا بعد | 9 |
| سرجری کے بعد کا مشورہ | 9 |
| آپ کو کیا کرنا چاہیے اور کن چیزوں سے گریز کرنا چاہیے؟ | 10 |
| آنکھوں کے قطرے ڈالنا | 12 |
| بعد از سرجری کے اپوائنٹمینٹ میں کیا توقع رکھنی چاہیے | 13 |
| ہماری کلینیکل مشاورت کی ٹیم سے رابطہ | 14 |
| عمومی سوالات | 15 |
| آپ کے جیسے دوسرے مریض Optegra پر بھروسہ کیوں کرتے ہیں | 16 |
| اپنے Optegra آئی کلینک میں خوش آمدید | 17 |
| ایڈوانسڈ سفید موتیے کے علاج کے اختیارات | 18 |




# Optegra کا انتخاب کیوں کریں؟

سفید موتیا کی سرجری کی بدولت آپ کو نظر میں بہتری لانے کا موقع ملتا ہے۔ یہ آپریشن صرف ایک ہی دفعہ کروایا جا سکتا ہے، اس لئے آپ تمام مناسب اختیارات تک رسائی کا حق رکھتے ہیں۔

## اس قدر زیادہ مریض Optegra کا انتخاب کیوں کرتے ہیں؟


- آنکھوں کے ماہر کنسلٹنٹس جنہیں طبی کمیونٹی میں اعلی مقام حاصل ہے اور جن کا ان کے شعبے میں بہت احترام کیا جاتا ہے
- بعد از آپریشن نگہداشت کا اعلی ترین معیار، ضرورت پیش آنے پر 24 گھنٹے مدد دستیاب ہے
- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہم اپنے مریضوں کو متواتر اعلی معیاری سہولیات فراہم کر رہے ہیں، ہم اپنے نتائج کی فعال طور پر نظرثانی کرتے ہیں اور ان کا جائزہ لیتے ہیں
- انتظار کے اوقات میں کمی - آپ کا پہلا کنسلٹیشن عام طور پر 2 سے 3 ہفتوں میں ہوگا
- تیز اپوائنٹمینٹس، عام طور پر آپ ہسپتال میں 2 گھنٹوں سے زیادہ نہیں رہیں گے
- ماہر سرجنز، جدید ترین ٹیکنالوجی اور خیال رکھنے والا سپورٹ کا عملہ
- آپ کا NHS کا آپریشن ایک وقف **Optegra Eye Hospital** میں کیا جائے گا جس میں فائیو اسٹار سہولیات موجود ہوں گی
- آپ کا علاج بالکل مفت ہوگا - کسی بھی وقت کسی بھی اضافی چارجز کا اطلاق نہیں ہوگا
- آپریشن سے پہلے، دوران، اور بعد میں دیکھ بھال جاری رہنا




# سفید موتیا سے کیا مراد ہے؟

**سفید موتیا آنکھ کی لینس پر دھندلاپن پیدا ہونے کو کہا جاتا ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ دھندلاپن نظر دھندلی پڑنے کی وجہ بنتی ہے، اور ایسا لگتا ہے جیسے آپ فراسٹڈ شیشے میں دیکھ رہے ہیں۔ سفید موتیے کے باعث رنگ دیکھنے کی صلاحیت بھی کم ہو سکتی ہے اور یہ آنکھیں چندھیا جانے یا دہرا نظر آنے کا بھی سبب بن سکتا ہے۔**

**عام آنکھ**




**سفید موتیے سے متاثر آنکھ**




**عام نظر**



**سفید موتیے سے متاثر نظر**



اس وقت سفید موتیا کا واحد علاج سرجری ہے۔ سفید موتیا نہ ہٹانے کی صورت میں نظر کمزور ہوتی جائے گی۔



# مریض کا سفر ایک نظر میں

## تشخیص اور ریفرل

آپ کے مقامی آپٹو میٹرسٹ کے اپوائنٹمنٹ کے بعد، آپٹیشین آپ کو Optegra یا کسی دوسرے مقامی ہسپتال کا ریفرل دے سکیں گے۔

ہماری وقف NHS کی ٹیم کو آپ کا ریفرل ملنے اور اسے پراسیس کرنے کے بعد، ہماری کلینکل ٹیم بذریعہ ٹیلی فون تخمینہ مکمل کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گی۔

## پیشگی تخمینہ اور آپ کا ابتدائی اپوائنٹمینٹ بک کرنا

آپ کے ٹیلی فون تخمینے کے دوران، ہماری کلینیکل ٹیم کا ایک رکن آپ سے چند طبی سوالات پوچھے گا اور آپ کا ابتدائی اپوائنٹمنٹ بک کرے گا۔

## ابتدائی اپوائنٹمینٹ

ہماری استقبالیہ کی ٹیم آپ کا استقبل کرے گی۔ ہماری صحت کی ٹیم کا ایک رکن نظر اور تشخیص کے لیے چند ٹیسٹس مکمل کرے گا۔ اس کے بعد آپ کو ہمارے ایک آپٹو میٹرسٹس کے حوالے کیا جائے گا جو اس بات کی تصدیق کریں گے کہ آپ سرجری کے لیے موزوں ہیں اور آپ کی رضامندی کا پہلا مرحلہ مکمل کریں گے۔

## سرجری بک کروانا

آپ کے ابتدائی اپوائنٹمینٹ کے بعد ہماری مخصوص NHS کی ٹیم آپ کی سرجری کی تاریخ مقرر کرنے کے لیے رابطہ کرے گی۔

## سرجری کے روز

ہماری ریسیپشینسٹ کی ٹیم آپ کا استقبل کرے گی۔ ایک نرس آپ کو وارڈ تک لے جائے گی اور قبل از سرجری کی جانچیں مکمل کرے گی۔ اس کے بعد آپ کے کنسلٹنٹ دوسرے مرحلے کی رضامندی مکمل کریں گے اور چند سوالات پوچھیں گے۔ اس کے بعد آپ کو 15 منٹ کے آپریشن کے لیے تھیٹر لے جایا جائے گا۔ سرجری کے بعد آپ واپس وارڈ جائیں گے اور ایک نرس بعد از آپریشن کی نگہداشت کی وضاحت کرے گی اور آپ کو بتائے گی کہ اس کے بعد آپ کو کیا توقع رکھنی چاہیے۔

## آپ کا بعد از سرجری کا اپوائنٹمنٹ

آپ کا بعد از سرجری کا تخمینہ یا تو آپ کے آپٹیشین کے کلینک میں بک کیا جائے گا یا Optegra میں۔

## ڈسچارج

براہ مہربانی اپنے مقامی آپٹومیٹرسٹ (ماہر بصارت) کے پاس حسب معمول نظر کے تخمینے کرواتے رہیں۔

## پیشگی تخمینہ

اس تخمینے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ آپ کو درست سہولیات میں درست علاج مل سکے۔

- ہمیں آپ کا ریفرل ملنے کے 24 گھنٹوں کے اندر آپ کو ایک ٹیکسٹ پیغام موصول ہوگا جس میں اگلے اقدام کی تصدیق کی جائے گی۔
- آپ کو ہماری پیشگی تخمینے کی ٹیم سے کال موصول ہوگی جو آپ کی عمومی صحت اور طبی ہسٹری، بشمول آنکھوں کی صحت کی ہسٹری، کے متعلق چند سوالات پوچھے گے۔
- آپ کے کامیاب پیشگی تخمینے کے بعد، ہماری پیشگی تخمینے کی ٹیم آپ کے ابتدائی اپوائنٹمینٹ کے لیے مناسب وقت کا انتظام کرے گی۔

*اگر ہمارے تخمینے کے مطابق، آپ Optegra میں علاج کے لیے موزوں ثابت نہ ہوں تو ہماری خصوصی NHS کی ٹیم آپ کے ریفرر سے رابطہ کرے گی اور انہیں مقامی ٹرسٹ میں مزید ریفر کرنے کا مشورہ دے گی۔*

*"یہ فرشتوں اور NHS کی طرف سے ایک تحفہ ہے اور مجھے دوستوں اور گھر والوں کو Optegra کا مشورہ دیتے ہوئے بہت خوشی ہوگی۔ آپ کے کلائنٹس کو ایک نئی زندگی دینا آپ کے عملے کے خوشی کا باعث ہوگا۔:"*






## ابتدائی اپوائنٹمینٹ

اس اپوائنٹمینٹ کا مقصد آپ کی آنکھوں کا ٹیسٹ اور معائنہ کرنا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کو موزوں علاج مل سکے۔

اس اپوائنٹمینٹ کے دوران ہم آپ کی آنکھوں میں آنکھیں کھولنے کے قطرے استعمال کریں گے۔ یہ قطرے قبل از آپریشن ٹیسٹنگ میں معاونت فراہم کرنے کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان قطروں کے اثرات چند گھنٹوں تک قائم رہ سکتے ہیں، لہذا ہم مشورہ دیتے ہیں کہ اس کے بعد آپ گاڑی چلا کر گھر نہ جائیں۔

**اس روز...**

- ہماری ریسیپشنسٹ کی ٹیم آپ کا استقبل کرے گی اور وہ آپ سے آپ کی شناخت کی تصدیق کرنے اور ضروری کاغذی کارروائی مکمل کرنے کی درخواست کرے گی۔
- ہمارے ایک صحت کے ٹیکنیشیئن آپ کو ہمارے تشخیصی کمرے میں لے جائیں گے اور چند تشخیصی ٹیسٹس کریں گے۔
- اس کے بعد ایک آپٹومیٹرسٹ آپ کے نتائج کا جائزہ لیں گے اور آپ کی آنکھوں کی ہسٹری اور علامات کے متعلق چند سوالات پوچھیں گے۔
- سفید موتیے کی سرجری کے ممکنہ فوائد اور نقصانات، بشمول تمام دستیاب اختیارات، کے بارے میں بھی بات کی جائے گی۔
- اگر آپ مناسب ثابت ہوئے تو آپ اور آپ کے آپٹی میٹرسٹ رضامندی کا پہلا مرحلہ مکمل کریں گے۔
- آپ کے آپٹی میٹرسٹ آپ کی NHS ٹیم کو آپ کے نتیجے کے متعلق مطلع کریں گے۔ اس کے بعد وہ آپ کی سرجری کے انتظام کے لیے آپ سے رابطہ کریں گے۔

*اگر آپ سرجری کے لیے موزوں ثابت نہ ہوں تو ہماری خصوصی NHS کی ٹیم آپ کے ریفرر سے رابطہ کرے گی اور انہیں مقامی ٹرسٹ میں مزید ریفر کرنے کا مشورہ دے گی۔*



# سرجری کے روز

**سفید موتیا کی سرجری مملکت متحدہ میں ہونے والا سب سے عام آپریشن ہے۔ سرجری کے روز آپ عام طور پر ہسپتال میں زیادہ سے زیادہ 2 گھنٹے رہیں گے۔ اپنی سرجری کے متعلق پریشان ہونا عام بات ہے، تسلی رکھیں کہ ہماری دوستانہ کلینیکل ٹیم ہر قدم پر آپ کا ساتھ دے گی اور آپ کو پرسکون کرے گی۔**

**ٹیم اور کنسلٹنٹ جو سب کر رہے ہیں، اس کے متعلق آپ سے بات کریں گے تاکہ آپ کو پورے تجربے کے دوران آرام محسوس ہو۔**

- **ہماری ریسیپشنسٹ کی ٹیم آپ کا استقبل کرے گی۔**
- **ہماری صحت کی ٹیم کا ایک رکن آپ کو لینے آئے گا اور وارڈ تک لے جائے گا۔**
- **ایک نرس قبل از سرجری معائنہ کر کے آپ کے آنکھوں میں قطرے ڈالے گی۔**
- **آپ کے آپریٹنگ کنسلٹنٹ آپ کی آنکھ پر نشان لگائیں گے، معلوم کریں گے کہ کیا آپ مزید کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں اور تصدیق کریں گے کہ کیا اب بھی سرجری جاری رکھنے کے لیے تیار ہیں۔**
- **اس کے بعد آپ کو تھیٹر لے جایا جائے گا، جہاں کنسلٹنٹ کی کلینیکل سپورٹ ٹیم مزید قطرے ڈالے گی۔**
- **آپ کا کنسلٹنٹ سفید موتیا نکالنے اور نیا لینس لگانے کے لیے آنکھ میں چھوٹا سا شگاف کریں گے۔**
- **آپریشن میں عام طور پر 15 منٹ لگیں گے، اور اس کے بعد آپ کو صحت یابی کے لیے ایک آرام دہ لاؤنج میں لے جایا جائے گا۔**
- **اس کے بعد ایک نرس آپ کو بعد از آپریشن نگہداشت کے متعلق معلومات فراہم کرے گی اور گھر لے جانے کے لیے آنکھوں کے قطرے دے گی۔**

*"اس روز عملہ زبردست تھا۔ جب سے آپ داخل ہوتے ہیں، اس وقت سے وہ آپ کا بہت خیال رکھتے ہیں، اور ہر جگہ لے کر جاتے ہیں۔ آپ کا بہت خیال رکھا جاتا ہے اور مجھے ڈاکٹر کا مزاج بھی بہت اچھا لگا۔ میرا دوسرا آپریشن اس دن کا آخری آپریشن تھا اور وہ ایک بہت مشکل موتیا ثابت ہوا، لیکن انہوں نے مجھے پرسکون رکھا۔ مجھے احساس ہو گیا کہ ان کا اپنے عملے کے ساتھ کتنا اچھا برتاؤ ہے، انہوں نے اپنی ٹیم کے تمام ارکان کا شکریہ ادا کیا۔ یہ وہ صلاحیتیں ہیں جن کی میں دوسروں کو تربیت دیتی ہوں!"*

**- میگی ولیمز**



# آپ کی سرجری کے فورا بعد

**مندرجہ ذیل اثرات عام ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان میں بہتری آئے گی۔**

آپ مندرجہ ذیل کا بھی شکار ہو سکتے ہیں:

- **آنکھ میں اور اس کے اطراف ہلکی بے آرامی**
- **آنکھ میں کھجلی یا چپچپاہٹ محسوس ہونا**
- **دھندلا نظر آنا**
- **آنکھ میں کرکراہٹ محسوس ہونا**
- **سر میں ہلکا درد**
- **آنکھ کے اطراف موجود جلد پر نیل پڑنا**
- **تیز روشنی کو دیکھتے وقت بے آرامی**

پیراسیٹامول یا آئی بوپرفین جیسی نسخے کے بغیر دستیاب درد کش دوا بے آرامی میں کمی لانے میں معاون ثابت ہوگی۔ دھوپ کے چشمے پہننے سے تیز روشنی کے باعث عارضی بے آرامی میں کمی لائی جا سکتی ہے۔

# سرجری کے بعد کا مشورہ

**گھر پہنچنے پر آپ کو آرام کرنا چاہیے۔**

اگر آپ کو آنکھوں کی ڈھال فراہم کی گئی ہو تو اسے اگلی صبح تک پہن کر رکھیں۔ آنکھ کے پردے کو ٹھنڈے ابلے ہوئے پانی اور سوتی پٹی یا روئی کے پیڈ سے صاف کریں اور آنکھوں کے قطروں سے علاج شروع کریں۔

اگر ڈاکٹر مشورہ دے تو 7 راتوں تک سونے سے پہلے آنکھوں کی ڈھال کو دوبارہ ٹیپ کر کے واپس لگائیں۔

# آپ کو کیا کرنا چاہیے اور کن چیزوں سے گریز کرنا چاہیے؟

## مندرجہ ذیل کریں:

- ✓ اگر آپ کو آنکھوں کی ڈھال فراہم کی گئی ہو اور ڈاکٹر نے مشورہ دیا ہو تو اسے 1 ہفتے تک رات بھر پہن کر سوئیں
- ✓ سرجری کے ایک ہفتے بعد تک باہر نکلتے وقت دھوپ کے چشمے پہنیں
- ✓ نسخے میں لکھ کر دیے جانے والے قطروں کو ہدایات کے مطابق استعمال کریں
- ✓ گرد و غبار اور دھوئیں سے دور رہیں
- ✓ سرجری کے 1 ہفتے بعد بال دھوئے جاسکتے ہیں
- ✓ آپ سرجری کے بعد ٹی وی دیکھ سکتے ہیں، لیکن ہو سکتا ہے کہ کچھ دن آپ کو دھندلا نظر آئے
- ✓ آپ سرجری کے بعد نہا سکتے ہیں، لیکن جسم کے صرف اس حصے کو دھوئیں جو گردن کے نیچے ہے، تاکہ آنکھ میں پانی نہ جائے



## مندرجہ ذیل نہ کریں:

- ✗ ہدایات نہ ملنے کی صورت میں 2 ہفتوں تک آنکھوں کو گیلا کرنا
- ✗ سرجری کے کم از کم 1 ہفتے بعد تک آنکھیں ملنا یا ان پر دباؤ ڈالنا
- ✗ برطانوی گاڑی چلانے کے معیارات (20 میٹر کے فاصلے پر رجسٹریشن پلیٹ پڑھنا اور ایسا کرتے وقت تحفظ کا احساس ہونا) پر پورا اترنے تک گاڑی چلانا۔
- ✗ 1 سے 2 ہفتوں تک گرد و غبار صاف کرنا یا ویکیوم کلینر استعمال کرنا
- ✗ 2 ہفتے تک پیدل چلنے کے علاوہ کسی بھی قسم کی ورزش
- ✗ 2 ہفتوں تک آنکھوں پر کریم یا میک اپ لگانا
- ✗ آرام محسوس کرنے تک پڑھنا
- ✗ آنکھوں پر زور محسوس کئے بغیر کمپیوٹرز کا استعمال
- ✗ 3 ہفتوں تک تیراکی کرنا
- ✗ 4 ہفتوں تک بھاری بھرکم چیزیں اٹھانا، 2 ہفتوں تک ہلکی چیزیں اٹھانا
- ✗ 4 ہفتوں تک باغبانی
- ✗ 4 ہفتوں تک کانٹیکٹ لینز
- ✗ 2 ہفتوں تک طویل ہوائی جہاز کے سفر، 1 ہفتے تک چھوٹے ہوائی جہاز کے سفر
- ✗ 2 ہفتے تک فیشیئل
- ✗ 6 ہفتوں تک بالوں کو رنگنا
- ✗ 4 ہفتوں تک سن بیڈز کا استعمال
- ✗ 2 ہفتوں تک پلکوں کو رنگوانا یا پرم کروانا
- ✗ 1 ہفتوں تک بھنوؤں کو ویکس کروانا یا ٹویزر سے نکالنا
- ✗ اگلے روز تک الکحل پینا، لیکن خسک آنکھوں کے حوالے سے محتاط رہیں
- ✗ 2 ہفتوں تک دوڑنا یا جاگنگ کرنا

# آنکھوں کے قطرے ڈالنا

**آنکھوں کے قطرے ڈالنے سے پہلے ہمیشہ ہاتھ دھوئیں۔**

**لیبل پڑھنے کو یقینی بنائیں اور ان آسان مراحل پر عمل کریں:**

مرحلہ 1 اپنے ہاتھ دھوئیں اور سکھائیں

مرحلہ 2 اپنا سر پیچھے کریں

مرحلہ 3 ڈراپر کو آنکھ کو چھوئے بغیر آنکھ کے قریب رکھیں اور اوپر دیکھیں

مرحلہ 4 اپنی آنکھ میں صرف نسخے میں بتائی گئی قطروں کی مقدار ڈالیں

مرحلہ 5 اگر آپ کو نسخے میں ایک سے زیادہ قسم کے آنکھوں کے قطرے لکھ کر دیے گئے ہوں تو ہر قسم کے درمیان 5 منٹ کا وقفہ دیں

1 اپنا سر پیچھے کریں

2 اپنا نچلا آنکھ کا پردہ نیچے کھینچ کر ایک خالی جگہ بنائیں

3 اپنی آنکھ کو بوتل سے چھوئے بغیر اس خالی جگہ میں ایک قطرہ ڈالیں

4 اپنی آنکھ بند کریں اور اپنے گال پر گرے قطرے صاف کرنے کے لیے ایک صاف ٹشو پیپر کا استعمال کریں



## آنکھ صاف کرنا

**آنکھ کو صاف رکھنا صحت یابی میں معاون ثابت ہو سکتا ہے، آنکھوں کی سرجری کے بعد مندرجہ ذیل مراحل بہترین ثابت ہوں گے:**

مرحلہ 1 پانی ابالیں

مرحلہ 2 ٹھنڈا ہونے کے لیے چھوڑ دیں، دباؤ کا استعمال نہ کریں

مرحلہ 3 بند آنکھوں پر روئی کا پیڈ رکھتے ہوئے پلکوں کو آہستہ سے پونچھیں

مرحلہ 4 آنکھوں کو پونچھتے وقت علیحدہ روئی کا پیڈ استعمال کریں دونوں آنکھوں کے لیے ایک ہی پیڈ کا استعمال نہ کریں



# بعد از سرجری کے اپوائنٹمینٹ میں کیا توقع رکھنی چاہیے

**بعد از سرجری کے اپوائنٹمینٹ کا مقصد سرجری کے بعد آپ کے آنکھ کی صحت چیک کرنا اور آپ کی نظر کی جانچ کرنا ہے۔**

**آپ کا بعد از سرجری کا تخمینہ یا تو آپ کے آپٹیشیئن کے کلینک میں بک کیا جائے گا یا Optegra میں۔**

- آپ کو اپنے آپریشن کے 3 ہفتوں کے اندر اپنے آپٹیشیئن سے کال موصول ہوگی یا Optegra کی بکنگ کی ٹیم سے اپوائنٹمینٹ حاصل ہوگا۔
- آپ کا بعد از سرجری اپوائنٹمینٹ آپ کی سرجری کے 4 سے 6 ہفتے بعد رکھا جائے گا۔
- اگر آپ کو دوسری آنکھ کی سرجری درکار ہوگی تو اس اپوائنٹمینٹ کی تاریخ مقرر کرنے کے لیے ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔
- اگر آپ کا اپوائنٹمینٹ آپ کے مقامی آپٹیشیئن کے ساتھ ہو تو Optegra کو آپ کے نتائج بھیجے جائیں گے۔
- آپ کے آخری بعد از سرجری کے اپوائنٹمینٹ کے بعد آپ کے آپٹومیٹرسٹ یا Optegra تصدیق کریں گے کہ سب کچھ صحیح ہے اور آپ کو رسمی طور پر ہمارے نگہداشت سے ڈسچارج کیا جائے گا۔
- ڈسچارج کے بعد، براہ مہربانی اپنے مقامی آپٹومیٹرسٹ کے پاس حسب معمول نظر کے تخمینے کرواتے رہیں۔

# ہماری کلینیکل مشاورت کی ٹیم سے رابطہ

## مندرجہ ذیل علامات کا شکار ہونے کی صورت میں براہ مہربانی Optegra سے فوری طور پر رابطہ کریں:

- **آنکھ کے اطراف دھمکنے والا یا شدید درد، جو درد کش ادویات سے کم نہ ہو؛**
- **سر کے اگلے حصے میں درد چاہے اس میں متلی اور الٹی شامل ہو یا نا ہو؛**
- **نظر کی اچانک خرابی یا کمی؛**
- **شدید فوٹو فوبیا (آنکھوں میں کسی قسم کی روشنی پڑنے کی صورت میں قابل قدر درد)، سرخی میں اضافہ، ڈس چارج، آنکھ میں یا اس کے اطراف سوجن؛**
- **نظر کے سامنے کالے دھبے آ جانا، تیرتی ہوئی چیزیں نظر آنا یا آنکھ میں روشنی نظر آنا؛**
- **نظر کے سامنے سایہ آجانا یا اندھیرا چھا جانا۔**

اگر آپ عام اوقات کار کے باہر مذکورہ بالا علامات کا شکار ہوں تو براہ مہربانی مزید مشاورت کے لیے ہنگامی آن کال ٹیم کو کال کریں۔

یہاں فون نمبر لکھیں



# عمومی سوالات

## کیا توقع رکھنی چاہیے...

| سوال | جواب |
| --- | --- |
| میں قطروں سے آنکھیں کھلوائے جانے کے کتنے عرصے بعد گاڑی چلا سکتا/سکتی ہوں؟ | ہر مریض کا آنکھیں کھولنے کے قطروں کا ردعمل مختلف ہوتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ صحت یابی کو ممکن بنانے کے لیے ہم باقی پورا دن گاڑی نہ چلانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ |
| میری سرجری میرے ابتدائی اپوائنٹمینٹ کے کتنے عرصے بعد ہوگی؟ | سرجری عام طور پر آپ کے ابتدائی اپوائنٹمینٹ کے 4 سے 6 ہفتے بعد ہوگی۔ |
| میرا بعد از سرجری کا فولو اپ میری سرجری کے کتنے ہفتے بعد ہوگا؟ | آپ کا بعد از سرجری کا فولو اپ آپریشن کے تقریبا 4 ہفتے بعد ہوگا۔ |
| کیا میں آپریشن کے دوران جاگا رہوں گا/جاگی رہوں گی؟ | جی ہاں۔ Optegra مقامی بے ہوشی کی دوا کی مدد سے NHS کے سفید موتیے کے آپریشنز کرتا ہے۔ |
| میں سرجری کے کتنے عرصے بعد گاڑی چلا سکتا/سکتی ہوں؟ | ضروری ہے کہ آپ 20 میٹر کے فاصلے سے 1 ستمبر 2001 کے بعد بنائی جانے والی گاڑی کی نمبر پلیٹ (اگر ضروری ہو تو عینک یا کانٹیکٹ لینسز کی مدد سے) پڑھ پائیں۔<br><br>اگر صرف ایک ہی آنکھ کا آپریشن ہوا ہو تو ضروری ہے کہ آپ دونوں آنکھیں کھلی رکھتے ہوئے اور بغیر دہرا نظر آتے ہوئے آرام سے گاڑی چلا سکیں۔ اس وقت تک گاڑی نہ چلائیں جب تک آپ کو پوری طرح آرام محسوس نہ ہو۔ |
| کیا میری نظر فوری طور پر صاف ہو جائے گی؟ | جی نہیں۔ آنکھوں میں کرکراہٹ، پانی نکلنا، دھندلا/دہرا نظر آنا یا آنکھ کا لال ہونا عام بات ہے۔ کچھ حد تک روشنی سے حساسیت عام ہے۔ یہ علامات عام طور پر چند روز میں ٹھیک ہو جائیں گی، لیکن مکمل صحت یابی میں 4 سے 6 ہفتے لگ سکتے ہیں۔ |
| صحت یابی میں کتنا وقت لگے گا؟ | سرجری کے بعد صحت یابی میں تقریبا چھ ہفتے لگتے ہیں۔ پیراسیٹامول جیسی بغیر نسخے کے دستیاب درد کش ادویات ضرورت پیش آنے پر ابتدائی چند دنوں میں لی جا سکتی ہیں۔ |
| کیا مجھے سرجری کے بعد اپنی عینک یا کانٹیکٹ لینسز پہننے کی ضرورت ہوگی؟ | زیادہ تر مریض سفید موتیے کے علاج کے بعد کانٹیکٹ لینسز یا عینک کا استعمال جاری رکھیں گے۔ اگر آپ نے پریمیئم لینس کے ساتھ سفید موتیے کی سرجری کروائی ہو تو آپ کے کنسلٹنٹ آپ کو مشورہ دیں گے۔ |

# آپ کے جیسے دوسرے مریض Optegra پر بھروسہ کیوں کرتے ہیں

**NHS کی سفید موتیے کی سہولیات کی تیز تر فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے NHS، Optegra کے ساتھ شراکت کر رہے ہیں۔**

مریض اور پیشہ ورانہ افراد دونوں ہی Optegra کا انتخاب کر رہے ہیں اور ہمیں اس بات پر بہت فخر ہے کہ ہم Trustpilot اور Doctify دونوں پر اعلی ترین ریٹنگ رکھتے ہیں۔

چاہے NHS کی بات کی جائے یا نجی علاج کی، ہم سمجھتے ہیں کہ لوگوں کو بہترین حد تک نظر آنا چاہیے۔

**T**

مریضوں کے مطابق اعلی درجے کا آنکھوں کا ہسپتال

**R**

نتائج بہترین اور متواتر ہیں

**U**

مملکت متحدہ میں آنکھوں کے لیے مخصوص ہسپتالوں کا سب سے بڑا نیٹورک

**S**

آنکھوں کی نگہداشت کے شعبے میں پرعزم اور ماہر سرجنز

**T**

زیادہ تر آنکھوں کے امراض کا علاج

www.optegra.com

Trustpilot

Top-Rated 2020 Doctify

NHS



# اپنے Optegra آئی کلینک میں خوش آمدید

Optegra آئی ہیلتھ کیئر شاندار آپتھیلمک کیئر کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔

ہم مریضوں کو اعلی ترین معیار کی نگہداشت فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہمارے اسپتال کیئر کوالٹی کمیشن (CQC) کی جانب سے مجاز ہیں۔ ہم آنکھوں کی نگہداشت کے شعبے میں ماہرین کا درجہ رکھتے ہیں؛ ہمارے تمام کنسلٹنٹس NHS کے تربیت یافتہ ہیں۔

ہمارے ساتھ آپ کے سفر کے تمام مراحل کے دوران، ہماری مخلص ٹیم آپ کے قدم بہ قدم رہے گی تاکہ آپ پُرسکون، آرام دہ محسوس کریں اور علاج کے پورے عمل کے دوران باخبر رہیں۔

**”اپنے مریضوں کی نگہداشت Optegra میں ہمارے کیے جانے والے ہر فیصلے میں اولین حیثیت رکھتی ہے“**

**رچرڈ آرمیٹیج**
NHS ڈائریکٹر





براہِ کرم اپنے اوپٹومیٹرسٹ سے کہیں کہ وہ آپ کو Optegra آئی ہیلتھ کیئر میں ریفر کریں۔

Optegra EYE HEALTH CARE

NHS

# ایڈوانسڈ سفید موتیے کے علاج کے اختیارات

NHS کی طرف سے فراہم کردہ معیاری سفید موتیے کی سرجری، جس میں سنگل فوکل لینس (مونوفوکل) امپلانٹس کئے جاتے ہیں، کئی لوگوں کے لیے مناسب ہے۔ تاہم، سفید موتیے پر غور کرنے والے کسی بھی شخص کے لیے آج کل دستیاب مزید ایڈوانسڈ لینس کے امپلانٹ کے اختیارات سے آگاہ ہونا ضروری ہے۔

اگر آپ سفید موتیے کی سرجری کے بعد ایک ایسی زندگی گزارنے چاہتے ہیں جس میں عینک پر زیادہ انحصار نہ کرنے کی ضرورت پیش آئے، تو یہاں دکھائی جانے والی ایک یا ایک سے زیادہ ٹیکنالوجیاں آپ کے مقصد کے حصول میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ Royal College of Ophthalmologists اور General Medical Council کی رہنمائی کے مطابق، ہم انٹرا آکیولر لینس (IOL) ٹیکنالوجی میں اہم پیش رفت کی مختصر تفصیلات فراہم کر رہے ہیں جو Optegra اپنی نجی سفید موتیے کی سرجری کی سہولت میں پیش کرتے ہیں۔

NHS سہولیات کے ذریعے ریفر کئے جانے والے مریض ہماری نجی سفید موتیے کی سرجری کی سہولت میں منتقلی کی درخواست کر کے مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی اختیار پر غور کر سکتے ہیں۔





## ملٹی فوکس لینس کے امپلانٹس


یہ املانٹس روزمرہ (دور) کی نظر کے ساتھ قریب کی نظر، جیسے کہ مینیو اور رسالے پڑھنا اور سمارٹ فون کے استعمال کے لیے عینک سے کافی حد تک آزادی کا بہترین امکان مہیا کرتے ہیں۔



## وسیع فوکس لینس امپلانٹس

ان امپلانٹس کی بدولت بہترین دور کی نظر کی فراہمی کے ساتھ کمپیوٹر ڈسپلے/لیپ ٹاپ کے ساتھ کام کرتے وقت عینک سے آزادی کا بہترین موقع ممکن ہے۔






## افزودہ فیلڈ کی گہرائی کے لینس امپلانٹس

یہ امپلانٹس 1 سے 3 میٹر کی رینج میں دیکھنے کا بہتر تجربہ فراہم کرتے ہیں - اور یہ خاص طور پر ان مریضوں کے لیے مفید ہیں جو چاہتے ہیں کہ وہ نظر سے وابستہ کم سے کم منفی ذیلی اثرات کے شکار ہوں، لیکن ساتھ ہی ان کے لیے دور درمیانی رینج میں نظر کی افزودہ کارکردگی اہم ہے۔

## ٹورک لینس کے امپلانٹس

یہ امپلانٹس کج نظری (astigmatism) کا مقابلہ کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں - یہ نظر کی ایک بے ضابطگی ہے جو عموما قرنیہ کی شکل بگڑنے کے باعث سامنے آتی ہے۔ سفید موتیا کے علاج کے لیے آنے والے 20 فیصد کے قریب مریضوں میں کچھ حد تک کج نظری پائی جاتی ہے۔

ملٹی فوکل اور EDOF IOLs ٹورک فارمیٹ میں بھی دستیاب ہیں، تاکہ کج نظری کے کیسز میں بہتر نتائج ممکن ہو سکیں۔



کج نظری کے ساتھ



کج نظری کے بغیر

سفید موتیے کی سرجری کے بعد عینک کا استعمال کم کرنے کے خواہاں افراد ایڈوانسڈ ٹیکنالوجی کے لینس کے امپلانٹس پر غور کر سکتے ہیں۔ بس اپنے کلینیشن سے پوچھیں کہ کیا آپ ایڈوانسڈ سفید موتیے کی سرجری کے لیے موزوں ہو سکتے ہیں، اور انہیں آپ کو آپ کے اختیارات سمجھنے میں معاونت فراہم کرنے کے حوالے سے خوشی محسوس ہوگی۔

**براہ مہربانی نوٹ کریں کہ نجی سفید موتیے کی سرجری پر غور کرنے والے افراد اگر چاہیں تو متبادل فراہم کنندہ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔**

**ہمارے پرائیوٹ سفید موتیے کے علاج کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے براہ مہربانی ہم سے آج ہی اس نمبر پر رابطہ کریں 0800 084 6094**